الممتاز مکتب رحمانی۔

مدینہ جامع مسجد، ممتاز نگر بی ایریا، ملیر شریف، کراچی۔

دینی وقرآنی تعلیم کا یہ منفرد، معیاری اور مثالی ادارہ حلقۂ رحمانی کے معروف بزرگ، ملیر کراچی کی مشہور روحانی شخصیت رہبر شریعت وطریقت ممتاز الاولیاء، سالارِ حفاظ، شیخ القرائ محبوب العارفین حضرت قبلہ الحاج الحافظ قاری ممتاز احمد رحمانی چشتی نظامی صابری قادری قلندری نور اللہ مرقدہٗ کے نام نامی اسمِ گرامی سے موسوم ہے۔ جن کی ساری زندگی خدمتِ خلق، فروغِ حلقۂ رحمانی، اِشاعتِ قرآن اور درس وتدریس میں گزری۔ اور جنہوں نے آج سے تقریباً 60 سال قبل 1960ء میں مدینہ جامع مسجد ممتاز نگر بی ایریا، ملیر شریف کراچی میں ''الممتاز مکتب رحمانی'' کے نام سے ایک چھوٹے سے قرآنی مدرسہ کا آغاز کیا تھا۔ مگر آپ کی شبانہ روز محنت، انتھک لگن اور بے مثال اخلاص کی بدولت یہ مدرسہ دیکھتے ہی دیکھتے دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرتا گیا۔ اور بہت جلد ایک منفرد، مثالی اور معیاری تعلیمی ادارہ بن کر پورے علاقے میں اپنے نام کی طرح ''ممتاز'' ہو گیا۔

آج الحمد للہ! اِس مدرسۂ ''الممتاز مکتب رحمانی'' شعبۂ اطفال وبنات میں کم وبیش 443 طلبہ وطالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ جنہیں قاعدہ وناظرہ، حفظ القرآن، ترجمۂ قرآن، تجوید وقرأت، نعت خوانی، خطابت،

انگلش لینگویج اور حلقۂ ذکر ودُعا کے شعبہ جات میں زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا جارہا ہے۔اور 21/ معلمین و معلمات اِن طلبہ وطالبات کی تعلیم و تربیت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

چونکہ یہ مدرسہ ''الممتاز مکتب رحمانی'' مدینہ جامع مسجد ممتاز نگر بی ایریا ملیر شریف کراچی، کی بالائی منزل پر واقع ہے۔اور طالبات کیلئے ''شعبۂ بنات'' بھی یہیں قائم ہے۔لیکن جگہ کی تنگی اور انتظامی دشواریوں کی بناء پر اس بات کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے کہ اس مدرسہ کے شعبۂ بنات کیلئے علیحٰدہ جگہ یا عمارت ہو۔لہٰذا صاحبِ ثروت اور مخیّر حضرات سے اس سلسلے میں بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔